پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

27 نومبر 2018

دی نیلّور کوآپریٹو اربن بینک لمیٹیڈ، نیلّور، آندھرا پردیش۔ جرمانہ عائد

ریزرو بینک آف انڈیا نے ''دی نیلور کوآپریٹو اربن بینک لمیٹیڈ، نیلور، آندھرا پردیش'' پر پانچ لاکھ روپیہ (Rs.5,00,000) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ ریزرو بینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن (c)(1)47A جس کو سیکشن (4)46 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے آر بی آئی کے ترمیم شدہ سپروائزری ایکشن فریم ورک (ایس اے ایف) کے تحت اس بینک پر عائد پابندیوں کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزرو بینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔ اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ پیش کیا۔ بینک کے جواب اور اس کی ذاتی سماعت نیز معاملہ کی حقیقت ونوعیت پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور جرمانہ عائد کرنے کا فرمان جاری کردیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 1213/2018-2019